## گلبرگ ٹاؤن کے ناظم کمال ملک کی والدہ نفیسہ خاتون کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔22،اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے سابق رکن اور حق پرست ٹاؤن ناظم گلبرگ ٹاؤن کمال ملک کی والدہ نفیسہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کمال ملک سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم یوکے یونٹ کے سابق آرگنائزر اور بزرگ کارکن محمد اکبر کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

## رکن رابطہ کمیٹی محمد اشفاق، سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے لندن کے مقامی اسپتال محمد اکبر کی عیادت کی

لندن۔۔۔22 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے سابق آرگنائزر اور بزرگ کارکن محمد اکبر کی علالت پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محمد اکبر کو صحت کاملہ عطا کرے اور ان کی عمر دراز فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے کارکنان وحق پرست عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ محمد اکبر کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کریں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق، سائٹ ٹاؤن کراچی کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے لندن کے مقامی اسپتال جاکر وہاں محمد اکبر کی عیادت کی اور ان کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان فرزند زمین نہیں جوان کے قتل وغارتگری کے واقعات پر مجرمانہ خاموشی اختیار کی جاتی ہے

## اراکین صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔22،اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے صدر پرویز مشرف، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ مسلح حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکنان شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور شہر کا امن تہہ وبالا کرنے کیلئے جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو سرپرستی فراہم کرنے والے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین صوبائی اسمبلی نے کہا کہ کراچی میں ہر واقعہ کا الزام ایم کیوایم کے سرتھوپنے والے عناصر اب ایم کیوایم کے کارکنوں کے بہیمانہ قتل اور کھلی دہشت گردی پر خاموش کیوں ہیں۔انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکنان شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کے اندوہناک واقعہ کے بعد کارکنان وعوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے لیکن متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان نے ماضی میں بھی صبر وبرداشت سے کام لیا اور اس مرتبہ بھی وہ سازشی عناصر کی تمام سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے۔اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ حقیقی دہشت گردوں کی مسلح دہشت گردیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سرفراز عمر کی والدہ محترمہ شاہجہاں عمر اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن ناصر علی کے بھائی ساجد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان شیخ مقبول شہید،عبدالرزاق شہید اور ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم یو کے یونٹ میں قرآن خوانی کا اجتماع

لندن۔۔22 اپریل 2008ء

ایم کیوایم برطانیہ کے زیر اہتمام ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکنان شیخ مقبول شہید،عبدالرزاق شہید اور ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیرونی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی جس میں مرحومین کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور حق پرست شہداء کے بلند درجات،سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا کی گئی۔قرآن خوانی کا اجتماع ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آفس واقع لندن کے علاقے ایجویر میں کیا گیا قرآن خوانی کے اجتماع میں۔ایم کیوایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان و کارکنان اور مختلف یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی.

## گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کمال ملک کی والدہ نفیسہ خاتون انتقال کرگئیں
## رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت،نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی،ارکان اسمبلی،ٹاؤن ناظمین اور دیگر شعبہ جات کی شرکت

کراچی۔۔۔22، اپریل 2008ء

گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کمال ملک کی والدہ نفیسہ خاتون علالت کے باعث آج انتقال کرگئی،مرحوم کی عمر 70 سال تھی اور انہوں نے سوگواران میں چھ بیٹے اور چھ بیٹیاں چھوڑی ہیں۔مرحومہ عرصہ دراز سے گردوں کی تکلیف کے موذی مرض میں مبتلا تھی اور گزشتہ کئی دونوں سے لیاقت نیشنل ہسپتال میں زیر علاج تھی کہ اچانک ان کی طبیعت خراب ہوگئی اور وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔دریں اثناء نفیسہ خاتون کو بعد نماز عصر نارتھ کراچی کے شاہ محمد قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،مرحومہ کی نماز جنازہ جامعہ مسجد عثمان سیکٹر A-11 نارتھ کراچی میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری،ڈاکٹر عاصم رضا،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی معین خان،خواجہ اظہار الحسن،امام الدین شہزاد،ٹاؤن ناظمین ناظم ممتاز حمید،ذوالفقار،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی،ایم کیوایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے ارکان،علاقائی سیکٹرز اور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،گلبرگ ٹاؤن کے اعلیٰ حکام اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مرحومہ کا فاتحہ سوئم جمعرات 24، اپریل کو جامعہ مسجد عثمان سیکٹر A-11 نارتھ کراچی میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن و فاتحہ خوانی کی جائے گی،خواتین کیلئے قرآن و فاتحہ خوانی کا اہتمام مرحومہ کی رہائشگاہ پر ہوگا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست ٹاؤن ناظم کمال ملک کی والدہ محترمہ نفیسہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور ان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی ہے۔

## چھٹا پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل راؤنڈ میچ اکنامکس ڈپارٹمنٹ نے جیت لیا

## جامعہ کراچی کی چار ٹیموں کے درمیان سیمی فائنل، اکنامکس اور جیولوجی ڈیپارٹمنٹ فائل میں پہنچیں

## ٹورنامنٹ کے مہمان خصوصی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب بخاری اور رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر سرجن محمد علی شاہ تھے

## معزز مہمانوں نے فاتح ٹیم میں ٹرافی دی اور کھیلاڑیوں میں نقد رقم تقسیم کی

کراچی۔۔۔22،اپریل2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ کے زیر اہتمام ’’چھٹا پیغام امن‘‘ کرکٹ ٹورنامنٹ اکنامکس ڈیپارٹمنٹ نے سنسنی خیز مقابلے کے واضح اسکور سے جیت لیا۔اس سے قبل جامعہ کراچی کے ویلکا کرکٹ گراؤنڈ میں منگل کے روز چار ٹیموں کے درمیان سیمی فائنل کھیلا گیا جس میں پہلا سیمی فائنل سوشل لوجی ڈیپارٹمنٹ اور اکنامکس ڈیپارٹمنٹ کے درمیان ہوا جس میں اکنامکس ڈیپارٹمنٹ نے فتح حاصل کی جبکہ دوسرا سیمی راؤنڈ ڈی پی اے ڈیپارٹمنٹ اور جیولوجی ڈیپارٹمنٹ کے درمیان ہوا جس میں جیولوجی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے فتح حاصل کی اور اس طرح اکنامکس اور جیولوجی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں فائنل راؤنڈ میں پہنچی۔چھٹا پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ میچز کی اختتامی تقریب میں جامعہ کراچی کے ہزاروں طلبہ وطالبات شائقین نے گہری دلچسپی سے دیکھا اور اپنی ٹیموں اور کھیلاڑیوں کی کارکردگی پر والہانہ انداز میں شو مچا کر اپنے جذبات کا اظہار کیا اور اس موقع پر طلبہ وطالبات میں جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق حق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر سرجن محمد علی شاہ نے اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر خصوصی شرکت کی اور فاتح ٹیم کو چمپیئن ٹرافی اور نقد انعامی رقم دی۔اس موقع پر شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی، رجسٹرار جامعہ کراچی پروفیسر رئیس علوی، مشہور ٹی وی اداکار انور اقبال بلوچ ،معروف سابق ٹیسٹ کرکٹر سکندر بخت اور موجودہ پاکستانی اسٹار کرکٹر نعمان اللہ اور مختلف ڈیپارٹمنٹ کے اساتذہ کرام، پروفیسر حضرات اور جامعہ کراچی کی یونین کے ذمہ داران کے علاوہ جامعہ کراچی کے طلبہ وطالبات شائقین کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ٹورنامنٹ کا فائنل راؤنڈ میچ اکنامکس اور جیولوجی ڈیپارٹمنٹ کے درمیان ہوا جو انتہائی سنسنی خیز رہا اور جیسے شائقین نے گہری دلچسپی سے سماعت کیا۔دونوں ٹیموں کے کھیلاڑی جیسے ہی گراؤنڈ میں اترے شائقین کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا گیا اپنی اپنی ٹیموں کے حق میں نعرے لگائے گئے۔بعدازاں اکنامکس ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے میچ جیت لیا اس موقع پر شائقین نے زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا فاتح ٹیم کو مبارکباد دی۔اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی نے اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے بہترین نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور ٹورنامنٹ کے انتظامی امور کو خوش اسلوبی سے سنبھالا۔آخر میں سید شعیب بخاری اور ڈاکٹر سرجن محمد علی اکنامکس ڈیپارٹمنٹ کی فاتح کو چمپیئن ٹرافی دی اور فائنل اور سیمی فائنل کی ٹیموں کے کھیلاڑیوں میں نقد رقوم انعام دی۔اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید شعیب احمد بخاری اور ڈاکٹر سرجن محمد علی شاہ نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی غیر نصابی سرگرمیوں کو سراہا اور کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ وطالبات میں شعور بیداری کے ساتھ ان کی جسمانی نشوونما کیلئے بہترین کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبہ تنظیمیں تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے میں جو کام ادا کر سکتی ہے اے پی ایم ایس او اپنے محدود وسائل کے باوجود طلبہ کی رہنمائی کر رہی ہے۔انہوں نے چھٹا پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران وکارکنان کو شاباش دی۔تقریب سے شیخ الجامعہ ڈاکٹر پروفیسر پیرزادہ قاسم اور دیگر نے بھی خطاب کیا اور اے پی ایم ایس او کی سرگرمیوں کی تعریف کی۔

## شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، ایم کیو ایم کینیڈا
## امن دشمن قوتیں کراچی کے امن کو تباہ کرنے کی سرتوڑ کوششوں میں مصروف عمل ہیں

ٹورانٹو۔۔22اپریل2008ء

ایم کیو ایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی، قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کمیٹی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک دشمن قوتیں اور ان کے حواری ایک مرتبہ پھر کراچی کے امن کو تباہ کرنے اور ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی سرتوڑ کوششوں میں مصروف عمل ہیں اور یہی وہ ایم کیو ایم کارکنوں کی ٹارگیٹ کلنگ کروا رہے ہیں اور ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکنان شیخ مقبول اور عبدالرزاق کا مسلح حقیقی دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل اسی سازش کی کڑی ہے ۔انہوں نے کہا کہ کے کارکنوں کی شہادت کے باوجود ایم کیو ایم کی قیادت نے صبر و برداشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کے وسیع تر مفاد میں امن دشمن قوتوں کی ہر کوشش کو ناکام بنا کر شہر کراچی کا امن برقرار رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر کو سندھ و کراچی کی ترقی ایک آنکھ نہیں بھا رہی ہے اور وہ ایم کیو ایم کی ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت سے اسقدر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں کہ انہوں نے اپنے جاگیردارانہ نظام کو سہارا دینے کے لئے وہ تمام منفی وغیر انسانی ہتھکنڈے استعمال کرنے شروع کر دیئے ہیں اور امن دشمن عناصر ایک مرتبہ پھر کراچی میں متحرک ہو گئے ہیں اور انہوں نے ایم کیو ایم کے کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے لیکن ہم ان تمام انسان دشمن قوتوں کے ایک مرتبہ پھر باور کرانا چاہتے ہیں کہ انشاءاللہ آئندہ بھی ہم عوامی تائید وحمایت سے ان کی تمام سازشوں کو ناکام بنا دیں گے۔انہوں نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم مخدوم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں حقیقی دہشت گردوں کی جانب سے بڑھتی ہوئی دہشت گردی کا فی الفور نوٹس لیا جائے ایم کیو ایم کے کارکنان شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ایم کیو ایم کینیڈا کے نگرا آرگنائز سید علی، قائم مقام سینٹرل آرگنائزشکیل اختر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت ہمدری کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اس کھڑی میں ایم کیو ایم کینیڈا کے سمیت تمام کارکنان و ہمدرد آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی شیخ مقبول شہید اور عبدالرزاق شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ عظیم سانحہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

☆☆☆☆☆